پڑھتے دیکھا تو فرمایا:

"نِعْمَتِ الْبِدْعَةُ هٰذِهٖ۔"

"یہ کیا ہی عجیب شئ ہے۔" یعنی جدا جدا کے بجائے ایک امام کے پیچھے پڑھنا عجیب بات ہے۔

۷۔ فرض وسنّت میں کیا فرق ہے؟ داڑھی رکھنا فرض ہے یا سنّت؟

الجواب! دلیلِ قطعی سے جو بات ثابت ہو وہ فرض ہے، فرائض کے سوا جو بات حضورؐ کے قول، اور تقریر سے ثابت ہو، وہ سنّت ہے:

(ل) "اَلْفَرْضُ مَا ثَبَتَ بِدَلِیْلٍ لَّا شُبْهَةَ فِیْهِ۔"

(ب) "اَلسُّنَّةُ مَا فَعَلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سِوَى الْفَرَائِضِ۔"

۸۔ تعویذ دینا نبی کریمؐ سے ثابت ہے؟

الجواب: حضورؐ لکھنا نہیں جانتے تھے، ورنہ لکھتے بھی، تعویذ کے معنے اللہ کی پناہ لینے کے ہیں۔ اس کی متعدد صورتیں ہو سکتی ہیں "تھوتھو" کر کے دم کرنا۔ دیوانے پر سورۃ فاتحہ پڑھی۔ تین دن صبح وشام! فاتحہ ختم کرتے تو تھوک منہ میں جمع کر کے اس پر تھو کتے (حصن حصین بحوالہ ابی داؤد۔ نسائی)۔ نماز وغیرہ میں وسواس کے لیے تعویذ بتایا کہ "اَعُوْذُ بِاللّٰهِ" پڑھ کر بائیں طرف تھوتھو کریں (ایضاً)۔ جعفر بن محمد بن علی نے فرمایا کہ تعویذ گلے میں لٹکا سکتے ہو (زاد المعاد) —— الغرض تعویذ دم کرنا، دعا کرنا، لکھ کر باندھنا اسلاف سے ثابت ہے۔ (زاد المعاد)

۹۔ ختم قرآن کرنا اور مخصوص کر کے جمعرات کے دن مسجد میں ایصالِ ثواب کے لیے کچھ لانا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب: دعا ہو یا نیابت، ایصالِ ثواب کا مروجہ طریقہ قرآن وحدیث سے ثابت نہیں ہے۔ ویسے بھی اس سے زندوں کی بے عملی کی حوصلہ افزائی ہوگی —— "لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى!" نیز: "لَیْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى!" (قرآن)۔

حج اور روزہ میت کے ذمہ رہ گئے ہوں تو وارث اس کی طرف سے قائم مقام ہو کر ادا کر سکیں۔

۱۰۔ کسی آدمی نے جان بوجھ کر روزہ توڑا، تو کیا اس پر قضاء ہے یا کفارہ؟ کوئی شخص [illegible] ہو یا کسی شرعی عذر کی وجہ سے روزہ توڑا تو اس پر قضاء ہے یا کفارہ؟